اگر مختلف علاقوں میں صوبائی منصوبوں پر اخراجات کو بھی ان میں شمار کیا جائے تو ہر علاقے [illegible] کل اخراجات بظاہر اخراجات سے کافی زیادہ ہوں گے۔

حصّہ ۱

صوبائی سکیمیں

ان سکیموں میں ایسے منصوبے شامل ہیں جنہیں کسی ایک خاص ڈویژن یا علاقے سے متعلق قرار نہیں دیا جا سکتا۔ متعلقہ گراف میں صوبائی نوعیت کی سکیموں کو ۱۹۶۰ - ۶۱ ء سے اب تک رقوم کی تعینات دکھائی گئی ہیں۔ سال ۱۹۶۵ - ۶۶ ء کے دوران میں صوبائی سکیموں پر خرچ کی جانے والی جملہ رقم ۴۴ء۳،۷۹ لاکھ روپے ہے۔

حصّہ ۲

سابق علاقہ پنجاب کی سکیمیں

متعلقہ گراف اس علاقے کے لیے ۱۹۶۰ - ۶۱ ء سے اب تک تعینات کا رجحان ظاہر کرتا ہے جب کہ متعلقہ گراف اس علاقے کے مختلف ڈویژنوں کے لیے تعینات ظاہر کرتا ہے۔ اس علاقے میں سب سے بڑی تعین پانی اور بجلی کے سیکٹر کے لیے ہے (۳۹ء۲،۲۰ لاکھ) اس کے بعد زراعت کا نمبر ہے (۹۷ء۱،۴۸ لاکھ)۔ متعلقہ گراف اس علاقے میں ۱۹۶۲ - ۶۳ ء سے اب تک سیکٹروار تعینات کو ظاہر کرتا ہے۔

حصّہ ۳

علاقہ کراچی

متعلقہ گراف میں کراچی ڈویژن کے اندر مختلف سیکٹروں کو تعینات دکھائی گئی ہیں۔ اس علاقے کو ۱۹۶۰ - ۶۱ ء سے اب تک کی تعینات کو متعلقہ گراف میں ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔ اس علاقے کے لیے تعین میں نمایاں کمی ان وجوہ کی بنا پر ہے :-

(الف) مہاجرین کے لیے کالونیاں جن کی تعمیر دوسرے منصوبے کے دوران میں شروع ہوئی تھی،

SECTOR-WISE ALLOCATIONS
IN
ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME IN EX-PUNJAB: 1962-63 TO 1965-66

PUBLIC SECTOR



ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME
PUNJAB REGION: 1960-61 TO 1965-66



SECTOR-WISE ALLOCATIONS IN ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME IN LAHORE DIVISION: 1962-63 TO 1965-66

PUBLIC SECTOR



SECTOR-WISE ALLOCATIONS
IN
ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME IN MULTAN DIVISION: 1962-63 TO 1965-66
PUBLIC SECTOR




LAC RUPEES
SECTOR-WISE ALLOCATIONS
IN
ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME
IN RAWAL PINDI DIVISION: 1962-63 TO 1965-66
PUBLIC SECTOR
1962 63
1963-64
1964-65
1965-66
320
300
280
260
240
220
200
180
160
140
120
100
80
60
40
20
0
319
128
25
23
232
8
23
28
11
30
44
23
52
39
80
129
19
101
106
43
46
51
66
13
23
25
31
80
2
3
AGRICULTURE
WATER & POWER
INDUSTRIES
TRANSPORT & COMMUNICATIONS
HOUSING & SETTLEMENT
EDUCATION & TRAINING
HEALTH
SOCIAL WELFARE & MANPOWER

SECTOR-WISE-ALLOCATIONS
IN
ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME
IN SARGODHA DIVISION: 1962-63 TO 1965-66
PUBLIC SECTOR



ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME
KARACHI REGION: 1960-61 TO 1965-66



SECTOR WISE ALLOCATIONS
IN
ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME IN KARACHI DIVISION: 1962-63 TO 1965-66

(b) PUBLIC SECTOR



ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME

BAHAWAL PUR REGION: 1960-61 TO 1965-66



SECTOR-WISE ALLOCATIONS
IN
ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME
IN EX-BAHAWALPUR STATE: 1962-63 TO 1965-66
PUBLIC SECTOR



Note:- A Lump provision of Rs. 60.00. Lakhs has also been made for Schemes of this Division

ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME

PESHAWAR REGION: 1960-61 TO 1965-66



SECTOR-WISE ALLOCATIONS
IN
ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME IN EX-N. W. F. P.: 1962-63 TO 1965-66
PUBLIC SECTOR



SECTOR-WISE ALLOCATIONS
IN
ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME IN PESHAWAR DIVISION: 1962-63 TO 1965-66
PUBLIC SECTOR



SECTOR-WISE ALLOCATIONS
IN
ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME
IN D.I. KHAN DIVISION: 1962-63 TO 1965-66
PUBLIC SECTOR



ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME
FRONTIER REGION: 1960-61 TO 1965-66



SECTOR-WISE ALLOCATIONS
IN
ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME IN FRONTIER REGIONS: 1962-63 TO 1965-66
PUBLIC SECTOR



ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME

SIND REGION: 1960-61 TO 1965-66



SECTOR-WISE ALLOCATIONS
IN
ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME
IN HYDERABAD DIVISION: 1962-63 TO 1965-66

PUBLIC SECTOR



SECTOR-WISE ALLOCATIONS IN ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME IN KHAIRPUR DIVISION: 1962-63 TO 1965-66

PUBLIC SECTOR



SECTOR-WISE ALLOCATIONS
IN
ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME IN EX-SIND: 1962-63 TO 1965-66

PUBLIC SECTOR



ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME
BALUCHISTAN REGION: 1960-61 TO 1965-66



SECTOR-WISE ALLOCATIONS
IN
ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME IN EX-BALUCHISTAN: 1962-63 TO 1965-66
PUBLIC SECTOR



SECTOR-WISE ALLOCATIONS
IN
ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME IN QUETTA DIVISION: 1962-63 TO 1965-66
PUBLIC SECTOR



SECTOR-WISE ALLOCATIONS
IN
ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME IN KALAT DIVISION: 1962-63 TO 1965-66
PUBLIC SECTOR



ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME BY DIVISIONS: 1962-63 TO 1965-66



اب تکمیل کے قریب ہیں (ب) بھاری انجینئری منصوبوں ماسوائے مشین ٹول فیکٹری کے شروع کرنے کے لیے کافی وقت لگے گا۔ ادارہ ترقیات کراچی کی تعمیر مکانات کی سکیمیں جن میں سرمایہ ساتھ ساتھ وصولیات سے لگایا جا رہا ہے، بھی اس تعین میں ظاہر نہیں کی گئی ہیں۔

حصہ ۴

علاقہ بہاولپور

متعلقہ گراف میں اس علاقے کے لیے ۱۹۶۰-۶۱ء سے اب تک کی تعینات دکھائی گئی ہیں۔ بہاولپور ڈویژن کی نئی سکیموں کے لیے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ۶۰ لاکھ روپے کی ایک مجموعی گنجائش رکھی گئی ہے۔ اس سال بھی اس علاقے میں حمل و نقل کے سیکٹر کو مقدم رکھا گیا ہے جس کے لیے مجموعی تعین ۳۶ء ۱۲۲ لاکھ روپے ہے۔ اس کے بعد زراعت کا نمبر آتا ہے جس کی تعین ۴۰ء ۱۱۶ لاکھ روپے ہے۔

حصہ ۵

سابق علاقہ شمال مغربی سرحدی صوبہ

متعلقہ گراف اس علاقے کے لیے ۱۹۶۰-۶۱ء سے اب تک تعینات کا رجحان ظاہر کرتا ہے۔ ۱۹۶۴-۶۵ء کے مقابلے میں ۱۹۶۵-۶۶ء کے دوران میں اس علاقے کی ترقی کے لیے مجموعی تعینات میں ۲۰ فیصد اضافہ ہوا ہے۔ اس علاقے میں سب سے بڑی تعین پانی اور بجلی کے سیکٹر کے لیے ہے۔

حصہ ۶

سابق علاقہ سندھ

اس علاقے کے لیے ۱۹۶۴-۶۵ء کے تخمینہ جات میزانیہ ۶۸ء ۴۳ کروڑ روپے تھے جب کہ ۱۹۶۵-۶۶ء کے تخمینہ جات میزانیہ ۱۵ء ۳۶ کروڑ روپے ہیں۔ متعلقہ گراف اس علاقے میں ۱۹۶۲-۶۳ء سے اب تک سیکٹر وار تعین ظاہر کرتا ہے۔ اس علاقے کے لیے آئندہ سال کے پروگرام میں سب سے زیادہ زور پانی اور بجلی کے سیکٹر پہ دیا گیا ہے جس کے لیے تعین ۰۷ء ۹۵۷ لاکھ روپے ہے۔

حصہ ۷

سابق علاقہ بلوچستان

۱۹۶۴-۶۵ء کے تخمینہ جات میزانیہ کے مقابلے میں اس علاقے کے لیے مجموعی جملہ تعین میں اضافہ ہوا ہے۔ (۱۹۶۴-۶۵ء کے دوران میں ۵۸ء ۶ کروڑ روپے کے مقابل ۶۶ء ۶ کروڑ روپے) متعلقہ گراف کوئٹہ ڈویژن میں ۱۹۶۲-۶۳ء سے اب تک سیکٹر وار تعینات کو ظاہر کرتا ہے۔

باب — ۶

پانی اور بجلی

WATER AND POWER



باب ٦

پانی اور بجلی

اس سیکٹر پر ترقیاتی رقوم کا سب سے بڑا واحد حصہ صرف ہوتا ہے۔ ١٩٦٥-٦٦ء کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں اس سیکٹر کے لیے ٧١٫٧٤ کروڑ روپے کی ایک مجموعی گنجائش شامل کی گئی ہے۔ تاہم خالص اخراجات ٦٢٫٩٦ کروڑ روپے تک محدود رہیں گے۔ مندرجہ ذیل نقشے میں دوسرے منصوبے کے پانچ برسوں کے دوران میں اس سیکٹر کے لیے تعینات اور آئندہ مالی سال کے لیے مجوزہ تعینات دکھائی گئی ہیں :-

	کروڑوں میں
١٩٦٠-١٩٦١ء	٤٣٫٦٨
١٩٦١-١٩٦٢ء	٥٢٫٦٢
١٩٦٢-١٩٦٣ء	٥٤٫٥٤
١٩٦٣-١٩٦٤ء	٥٥٫٢٨
١٩٦٤-١٩٦٥ء	٦٠٫٢١ (ترمیم شدہ)
١٩٦٥-١٩٦٦ء	٦٢٫٩٦ (خالص)
	٧١٫٧٤ (جملہ)

(الف) پانی

اس شعبے میں پروگرام کے مقاصد حسب ذیل ہیں :-

(الف) بہتر اور مفید آبپاشی کی سہولتیں مہیا کرنا

(ب) تھور اور سیم زدہ زمینوں سے پانی کا نکاس اور بحالی

اس شعبے میں جو تین بڑے ادارے کام کر رہے ہیں وہ محکمہ آبپاشی، زرعی ترقیاتی کارپوریشن اور

پانی و بجلی کا ترقیاتی ادارہ (واپڈا) ہیں۔

محکمۂ آبپاشی

آبپاشی، نکاس آب، سیلاب پر قابو پانے، تحقیقات اور ریسرچ کی متعدد سکیمیں زیر کار ہیں۔ جن میں سے اہم سکیموں کا جائزہ ذیل میں لیا گیا ہے۔

تونسہ پروجیکٹ

تونسہ بیراج اور اس کے ساتھ مظفر گڑھ کینال اور ڈیرہ غازی خاں کینال لنک نمبر ۳ کو ۱۹۶۱ء میں مکمل کر کے آبپاشی کے لیے کھول دیا گیا تھا۔ اس کے بعد داجل برانچ پر کام شروع کیا گیا۔ اس شاخ کی تکمیل پر ۶۰۰ء۸۷ ایکڑ قدیم رقبہ اور ۰۰۰ء۸۰ ا ایکڑ جدید رقبہ آبپاشی ہوگا۔ یہ تمام کام سال ۱۹۶۵ء میں مکمل ہو جانے کی توقع ہے۔ یہ پروجیکٹ حال ہی میں زرعی ترقیاتی کارپوریشن کو منتقل کر دیا گیا ہے۔ اس کے لیے سال ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء کے لیے میزانیے کی گنجائش ۹۰۰۰ء لاکھ روپے ہے۔

وارسک کی بلند سطحی نہروں کی سکیم

یہ سکیم وارسک ہائیڈرو الیکٹرک کثیر المقاصد منصوبے کا ایک حصہ ہے اور قبائلی علاقے اور ضلع پشاور میں ۱۴۷ء۱۵ ا ایکڑ رقبے کے لیے آبپاسی کی سہولت بہم پہنچاتی ہے۔ سال ۱۹۶۴ - ۶۵ء کے دوران میں مندرجہ ذیل تین نہروں کی تعمیر کا کام جاری رہا :-

(۱) گریویٹی فلو کینال

(۲) لفٹ کینال

(۳) لیفٹ بینک کینال

ان نہروں کے لیے سال ۱۹۶۵ - ۶۶ء کے میزانیے میں گنجائش ۰۰ء۵۲ لاکھ روپے ہے۔

کُرّم گڑھی کثیر المقاصد منصوبہ

اس منصوبے میں دریائے کُرّم پر ایک انحرافی بند کی تعمیر، ایک ہیڈ ریگولیٹر، فیڈر چینل، پرانی نہروں کی تشکیل جدید اور مزید نہروں کی تعمیر شامل ہیں تاکہ قدیم رقبے کے ۰۰۰ء۷۰ ا ایکڑ اور جدید رقبے کے ۰۰۰ء۵۰ ا ایکڑ کو باقاعدگی سے آبپاشی کا پانی فراہم کیا جا سکے۔ اس میں باران ڈیم اور ۰۰۰ء۴ کلوواٹ کی نصب شدہ استعداد کے دو ہائیڈل سٹیشنوں کی تعمیر بھی شامل ہے۔ تمام سکیم مکمل ہو چکی ہے سوائے چند نہروں کے جن کی تعمیر یا تشکیل جدید ہوئی ہے۔ سال ۱۹۶۵ - ۶۶ء کے میزانیے میں اس کے لیے

گنجائش ۹۶ء۱۳ لاکھ روپے ہے۔

گدو بیراج پروجیکٹ

اس پروجیکٹ کو واپڈا نے نومبر ۱۹۵۸ء میں اپنے ہاتھ میں لیا تھا۔ اصل بیراج سال ۱۹۶۲ء کے شروع میں مکمل ہوگیا تھا اور اس میں دریا کا رُخ ۱۵ مارچ ۱۹۶۲ء کو موڑ دیا گیا تھا۔ نہری نظام بھی تقریباً مکمل ہوچکا ہے۔ یہ منصوبہ تکمیل کے بعد ۳۲ لاکھ ایکڑ اراضی کو منضبط طور پر آبپاشی کے لیے پانی فراہم کرے گا۔ اس اراضی میں سے ۴۵ء۹ لاکھ ایکڑ اراضی پہلے سیلابی نہروں سے سیراب ہوتی تھی اور باقی رقبہ بارانی تھا۔ اس طرح غذائی پیداوار میں ۱۵۲ لاکھ من کا اضافہ ہوجائے گا جو مجموعی قومی پیداوار میں تقریباً ۲۰ کروڑ روپے کے اضافہ کا موجب ہوگا۔ اس کے لیے سال ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء کے میزانیے کی گنجائش ۰۰ء۴۸ لاکھ روپے ہے۔

روہڑی نہر کے نزدیک ۷ پری سٹریسڈ کنکریٹ پلوں کی تعمیر

روہڑی نہر کی تنزل پذیری سے نہر پر بنے ہوئے پلوں کے لیے خطرہ پیدا ہوگیا تھا اور ان میں سے چند ایک پل تو واقعی بیٹھ گئے تھے۔ اس سے ۷ نئے پلوں کی تعمیر کی ضرورت لاحق ہوئی۔ یہ تمام کام سال ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء کے آخر تک مکمل ہوجائے گا۔ اس کے لیے سال ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء کے میزانیے میں ۶۰ء۱۲ لاکھ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔

دریائے سندھ پر ٹھٹھہ سجاول روڈ کے پل کی تعمیر

اس پل سے جی۔ایم۔ بیراج سے سیراب ہونے والا بالخصوص بائیں کنارے کے پنیاری اور گنی نظاموں کا رقبہ کھل جائے گا اور اس سے کراچی کی بڑی منڈی تک مختصر ترین راستہ مہیا ہوجائے گا۔ ابتدائی تعمیرات مکمل ہوچکی ہیں اور پل کے اصل ڈھانچے کی تعمیر کا کام شروع کردیا گیا ہے۔ اس کے لیے سال ۱۹۶۵ - ۶۶ء کے میزانیے میں ۰۰ء۷ لاکھ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔

نکاس آب کی سکیمیں

موجودہ آبپاشی رقبوں اور نئے پروجیکٹوں کے رقبوں کو ناقابل کاشت ہوجانے سے بچانے کے لیے نکاس آب اور تھور کے انسداد کے منصوبے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ واپڈا نے سیم اور تھور کا خاتمہ کرنے کے لیے ایک جامع منصوبہ تیار کیا ہے اور اس کا بڑا حصّہ واپڈا ہی کے ہاتھوں انجام پا رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ محکمہ آبپاشی نے نکاس آب اور بحالیٔ اراضی کی مندرجہ ذیل سکیموں پر کام کا آغاز کیا ہوا ہے:-

	۱۹٦۵-٦٦ء کے میزانیے میں گنجائش
ہڈیارہ نالہ کی تشکیلِ جدید	۲۰.۰۰ لاکھ
رچنا آؤٹ فال ڈرینج سسٹم میں برانچ ڈرین کی تشکیلِ جدید	۵.۰۰ "
جڑانوالہ میں ڈرین کی تشکیل جدید	۱۰.۰۰ "
پانڈو کی ڈرینج سسٹم	۱۰.۰۰ "
مکھی ڈھنڈ ڈرینج سسٹم	۲.۰۰ "
مانانوالہ اور اس کی جاتری برانچ ڈرین	٦.۰۰ "
سنیانہ سمندری ڈرینج سسٹم	۴.۳۷ "
کالی بڈھی ڈرینج سسٹم	۱.۵٦ "
میکلوڈ گنج ڈرینج سسٹم	۵.۰۰ "
رائے ونڈ ڈرینج سسٹم	۱۲.۴۰ "
ضلع پشاور میں سیم زدہ رقبے کی بحالی کے لیے جامع منصوبہ	۲.۰۰ "
سکھر زون کے زیریں سندھ کے رقبے میں سیلابی پانی کے نکاس کی سکیم	۱۰.۰۰ "

سیلاب پر کنٹرول

سیلاب کمیشن تمام مغربی پاکستان میں سیلاب کو بحیثیت مجموعی کنٹرول کرنے کے منصوبے کی تیاری کے اہم کام میں مصروف ہے۔ کمیشن کے تحت سیلاب پر قابو پانے کی ایک تنظیم موجود ہے جس کا سربراہ ایک چیف انجینئر ہے جو سیلاب کے انسداد کی سکیموں کی جانچ پڑتال کرتا ہے۔ سیلاب پر قابو پانے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل تعمیرات زیر کار ہیں :۔

	۱۹٦۵-٦٦ء کے دوران میں میزانیے کی گنجائش
چلہ نالہ میں سیلاب سے محفوظ	۲.۱۱ لاکھ
علاقہ بیی کا سیلاب سے تحفظ	۰.۵۰ "
اکبر پورہ اور دیگر دیہات کا بڑا نالہ میں سیلاب سے تحفظ	۳.۵۰ "
چنیوٹ شہر کے لیے سیلاب کا حفاظتی بند	٦.۵۴ "
سگی ماتری بند (میل ۱۸ تا ۲۷) کو اونچا اور مزید مضبوط کرنا	۱۲.۵۰ "

علاقہ کوئٹہ کی ترقی

سال ۱۹۶۴-۶۵ء کے دوران میں اس علاقے کے سروے اور تحقیقات کی غرض سے ایک الگ نظامت قائم کردی گئی تھی تاکہ وہ فیلڈ سروے، اساسی تحقیق، آبی امتحان، تعمیرات کے ڈیزائن اور سامان کے انتخاب کے ضمن میں تفصیلی تحقیقات کرے۔

آبی وسائل کو بروئے کار لانے کے سلسلے میں جون ۱۹۶۴ء کے آخر تک ۴۷ ویئر، ۱۳۰ ٹیوب ویل، ۳ ڈیم، ۶۰ حفاظتی تعمیرات سیلاب، ۲۹ بند اور ۱۸۵ کھلے کنوئیں مکمل کیے گئے۔ اس کے علاوہ ۸۱ دیاوں کی استرکاری اور ۱۹۰ کاریزوں کی تجدید کی گئی۔ ان تعمیرات پر ۱۱,۰۷,۰۴,۰۵ روپے خرچ ہوئے جن سے ۲۱۴,۲۴۲,۱ ایکڑ اراضی کو فائدہ پہنچا۔

تین نئی سکیموں میں سے دو کثیر المقاصد منصوبے دریائے ہنگول اور دریائے دشت کے آبی وسائل کی ترقی سے متعلق ہیں۔ سال ۱۹۶۵-۶۶ء کے میزانیے میں "جاری سکیموں" اور "نئی سکیموں" کے لیے گنجائش ۰۵,۳۹,۱ لاکھ روپے ہے۔

تحقیق آبپاشی

ادارہ تحقیق آبپاشی لاہور برصغیر کے قدیم ترین اداروں میں سے ایک ادارہ ہے۔ دریائی مٹی میں گاد کی نقل و حرکت کے اہم کام پر کافی تحقیق کرنے کے علاوہ یہ ادارہ متعدد دیگر مسائل پر کام کرتا ہے۔ جن میں ماقوائی مطالعات، بیراجوں، نہروں اور نہروں سے متعلق دیگر تعمیرات کے ڈیزائن، دریا کا رخ موڑنا اور سیلاب پر قابو پانا، ڈیموں، آبی ذخیروں اور دیگر متعلقہ تعمیرات وغیرہ کے ڈیزائن شامل ہیں۔

۱۹۶۵-۶۶ء کے لیے ایک ولولہ انگیز پروگرام مرتب کیا گیا ہے جس میں مندرجہ ذیل اہم سکیمیں شامل ہیں:-

(۱) ارضی میکانیات انجینئرنگ طبیعیات زیر زمین مائیات اور نکاس آب کے سلسلے میں تحقیقی تجربہ گاہوں کا قیام	۵,۰۰ لاکھ روپے
(۲) چینل ریجیم آبزرویشن پروگرام	۵,۰۰ لاکھ روپے
(۳) ریڈیو آئسوٹوپ ریسرچ سنٹر کی تعمیر	۳,۰۰ لاکھ روپے
(۴) دریائی علاقے میں آبپاشی کی سہولتوں کے لیے سروے اور تحقیقات	۲۰,۰۰ لاکھ روپے

مندرجہ ذیل جگہوں پر بھی تحقیق کی سہولتیں فراہم کی گئی ہیں :۔

ہائیڈرالک ریسرچ لیبارٹری لاہور

ہائیڈرالک ریسرچ سٹیشن نندی پور

ریسرچ سٹیشن نیازبیگ

تجرباتی ریسرچ سٹیشن حیدرآباد

ہائیڈرالک اینڈ مکینک لیبارٹری کراچی

واپڈا

موجودہ سال (۱۹۶۴ - ۱۹۶۵ء) کے نظرثانی شدہ اعداد و شمار کے مطابق آبی منصوبوں پر جن میں واپڈا ہاؤس کی تعمیر بھی شامل ہے ۱۶ء۷۹ ,۱۹ لاکھ روپے کے مقابل واپڈا کے آبی منصوبوں کے لیے سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء میں ۳۸٫۵۳ , ۲۹ لاکھ روپے (جملہ) کی گنجائش مہیا کی گئی ہے۔

واپڈا کے آبی منصوبوں کے لیے ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء کی مجموعی گنجائش کی مختلف ذیلی سکیٹروں میں تقسیم اور ان کے ساتھ ۱۹۶۴ - ۱۹۶۵ء کے ترمیم شدہ اعداد و شمار ذیل کے نقشے میں دیے گئے ہیں :۔

	ترمیم شدہ پروگرام ۱۹۶۴ - ۱۹۶۵ء	متوقع جملہ پروگرام ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء
۱۔ کثیر المقاصد اور آبپاشی کی ترقیاتی سکیمیں	۳٫۵۰٫۰۰	۳٫۳۳٫۰۰
۲۔ تحقیقات اور سروے	۵٫۰۰٫۶۴	۶٫۰۰٫۰۰
۳۔ متفرق	۳٫۵۷٫۰۳	۳٫۰۰٫۵۳
۴۔ بحالی اراضی جس میں ٹیوب ویلوں کو بجلی پہنچانا بھی شامل ہے	۷٫۷۱٫۴۹	۱۷٫۰۵٫۰۰
میزان	۱۹٫۷۹٫۱۶	۲۹٫۳۸٫۵۳

پانی اور بجلی کے ترقیاتی ادارے (واپڈا) نے پہلے منصوبے کی مدت کے دوران میں مندرجہ ذیل منصوبے مکمل کیے :۔

۱۔ سکارپ I (رچنا دواب)

۲۔ راول ڈیم
۳۔ چھابلیٹ کاس لفٹ اریگیشن سکیم
۴۔ گدو بیراج پروجیکٹ

بارہ منصوبے تیسرے منصوبے کی مدت میں جاری رکھے جائیں گے جبکہ دو نئے منصوبے سال ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء میں شروع کیے جائیں گے ۔ سات پروجیکٹ تیسرے منصوبے کی مدت کے اندر اس کے بعد کے سالوں میں شروع کیے جائیں گے ۔

واپڈا کے اہم آبی منصوبوں کا مختصر حال درج ذیل ہے :۔

۱۔ گومل ڈیم

اس سکیم کا مقصد ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خاں میں جنوبی وزیرستان میں کھجوڑی کچ کے مقام پہ دریائے گومل پہ ایک ۵۰۰ فٹ اونچے بند کی تعمیر ہے تاکہ ۲۵ ملین ایکڑ فٹ پانی ذخیرہ کیا جا سکے ۔ ترسیل سے قطع نظر اس منصوبے کی تخمینی لاگت ۱۰٫۰۰۷٫۲۳ لاکھ روپے ہے ۔ ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء کے لیے رقمی گنجائش ۲۵٫۰۰ لاکھ روپے ہے جب کہ ۱۹۶۴ - ۱۹۶۵ء کے ترمیم شدہ تخمینوں پہ یہ رقم ۹۰٫۰۰ لاکھ روپے تھی ۔

۲۔ ٹانڈہ ڈیم

اس سکیم کا مقصد دریائے کوہاٹ توئی کے پانی کو کنٹرول کر کے ضلع کوہاٹ میں ۳۲٫۵۰۰ ایکڑ اراضی کو سیراب کرنا ہے ۔ اس طرح وجود میں آنے والے آبی ذخیرے کی استعدادِ ذخیرہ ۶۴٫۸۰۰ ایکڑ فٹ ہوگی ۔ اس سکیم کے لیے ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء میں گنجائش ۱۵٫۰۰ لاکھ روپے ہے ۔

۳۔ منصوبہ آبپاشی کراچی

اس منصوبے کی تخمینی لاگت ۸۶۶٫۰۰ لاکھ روپے ہے ۔ اس کے تحت کراچی کے نزدیک دریائے حبیب پر مٹی کی بھرائی کا ایک ڈیم ۱۴۶ فٹ اونچا اور ۲۲٫۹۰۰ فٹ لمبا تعمیر کیا جا رہا ہے تاکہ آبپاشی کے مقاصد کے لیے پانی کا ذخیرہ کیا جا سکے ۔ مکمل ہو جانے پر ڈیم کی استعدادِ ذخیرہ ۷٫۲۳٫۰۰۰ ایکڑ فٹ ہوگی اور اس کے نہری نظام سے ۱٫۳۱٫۰۰۰ ایکڑ رقبے تک پانی پہنچ سکے گا جس میں سے ۸۴٫۰۰۰ ایکڑ رقبہ قابل کاشت ہے ۔ ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء کے لیے گنجائش ۴۵٫۰۰ لاکھ روپے ہے جبکہ ۱۹۶۴ - ۱۹۶۵ء کے لیے ترمیم شدہ تعین ۳۰٫۰۰ لاکھ روپے تھی ۔

۴ - خانپور ڈیم

یہ ڈیم ضلع کوہاٹ میں موضع خانپور کے نزدیک تعمیر کیا جا رہا ہے تاکہ دریائے ہارو پر مٹی کا ایک ۱۰۱۳ فٹ لمبا اور ۱۳۷ فٹ اونچا ڈیم تعمیر کر کے سیلابی پانی کا ذخیرہ کیا جا سکے - اس ڈیم کے آبی ذخیرے کی تذخیری استعداد ۵۹۰۰۰ ایکڑ فٹ ہوگی اور یہ تقریباً سالانہ ایک لاکھ فصلی ایکڑ کو آبپاشی کے لیے پانی مہیا کرے گا - اس کے لیے ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء میں گنجائش ۳۰٫۰۰ لاکھ روپے ہے -

۵ - دیرہ ہائیڈل سکیم اور تلی تنگی سکیم

یہ دونوں سکیمیں نئی ہیں - ان سکیموں کا تفصیلی جائزہ لیا جا رہا ہے اور ان کے لیے ممکن العمل ہونے کی رپورٹیں زیر تیاری ہیں - ابتدائی اخراجات کے لیے سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء میں ان سکیموں کے لیے ۱۵٫۰۰ لاکھ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے -

۶ - عام تحقیقات

اس منصوبے کی مجموعی تخمینی لاگت ۱۸۰٫۰۰ لاکھ روپے تھی جسے اب ترمیم کر کے ۴۴۵٫۰۰ لاکھ روپے کر دیا گیا ہے - اس کا مقصد مغربی پاکستان کی آبی و برقی امکانی قوت کا تعین کرنا اور موجودہ وسائل کی ترقی کے لیے ایک جامع منصوبہ مرتب کرنا ہے - اس کے تحت واضح منصوبے بھی ان کے فنی طور پر ممکن العمل ہونے اور اقتصادی جواز کے تعین کے بعد تیار کیے جائیں گے - ۱۹۶۵-۱۹۶۶ء کے لیے گنجائش ۶۰٫۰۰ لاکھ روپے ہے جب کہ ۱۹۶۴-۱۹۶۵ء کی ترمیم شدہ تعین ۴۶٫۰۰ لاکھ روپے تھی -

۷ - مشینری پول آرگنائزیشن

اس تنظیم کے تحت سازوسامان کے پانچ علاقائی ورکشاپ ہیں - ان کے ذمے واپڈا، زرعی ترقیاتی کارپوریشن اور محکمہ آبپاشی کے مختلف منصوبوں کے زیر استعمال گاڑیوں کی مرمت ہے - مختلف منصوبوں پر مٹی کا کام یہی تنظیم انجام دیتی ہے - اس کے لیے ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء کے میزانیے میں خالص گنجائش ۲۱٫۷۰ لاکھ روپے ہے -

۸ - واپڈا ہاؤس

اس سکیم کی مجموعی تخمینی لاگت ۲۳۸٫۰۰ لاکھ روپے ہے اور یہ عمارت واپڈا کے صدر مقام پر کام کرنے والے عملے کو دفتری جگہ فراہم کرنے کے لیے تعمیر کی جا رہی ہے - ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء کے لیے گنجائش ۸۳٫۵۳ لاکھ روپے ہے -

GROSS INVESTMENT ON IRRIGATION
1955-56 TO 1965-66



Recurring Expenditure on Irrigation Embankment and Drainage Works

1955-56	1956-57	1957-58	1958-59	1959-60	1960-61	1961-62	1962-63	1963-64	1964-65	1965-66
168	210	330	296	210	*110	*154	*134	*139	*137	*150

**Does not include development expenditure of 53, 99, 51, 53, 58 and 91 in respect of the years 1960-61, 1961-62, 1962-63, 1963-64, 1964-65, and 1965-66 respectively, which has been included in gross investment.*

Recurring Expenditure on Working Expenses of Canals

1955-56	1956-57	1957-58	1958-59	1959-60	1960-61	1961-62	1962-63	1963-64	1964-65	1965-66
499	639	578	835	725	801	813	838	1218	1312	1383

۹ - انسداد تھور اور بحالی اراضی کے منصوبے

سال ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء کے دوران میں تھور سے متاثرہ مندرجہ ذیل علاقوں میں بحالی اراضی کے منصوبے جاری رہیں گے :-

۱ - رچنا دوآب
۲ - علاقہ خیرپور
۳ - علاقہ لاڑکانہ .... شکارپور
۴ - تونسہ سے نیچے زیریں تھل
۵ - بالائی رچنا

واپڈا کے زیر انتظام سر انجام پانے والے بحالی اراضی کے منصوبوں کے لیے ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء کے لیے ۱۷،۵۰۰ لاکھ روپے کی گنجائش مہیا کی گئی ہے۔

دوسرے منصوبے کی مدت کے دوران میں تقریباً ۱۴ لاکھ ایکڑ اراضی کی بحالی کی گئی ہے۔ اور ۲۱،۱۶۴ ٹیوب ویل نصب کیے گئے ہیں۔ تیسرے منصوبے کے دوران میں تقریباً ۹۰ لاکھ ایکڑ اراضی کی بحالی کی تجویز ہے۔ تیسرے منصوبے میں ٹیوب ویلوں کی تنصیب کا منتہا ۱۳،۵۰۰ ہے۔ ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء کے دوران میں تقریباً ۱۵۰۰ ٹیوب ویل نصب کیے جانے کی توقع ہے۔

ب - بجلی

واپڈا

برقیاتی ترقیات :- واپڈا نے محکمہ بجلی سے برقیاتی ترقی کا کام مارچ ۱۹۵۹ء میں لیا تھا۔ اس وقت سے صوبے میں بجلی کی قوت میں پانچ گنا اضافہ ہو چکا ہے۔ مارچ ۱۹۶۴ء میں مغربی پاکستان (ماسوائے کراچی) میں اس نظام کی نصب شدہ استعداد مارچ ۱۹۵۹ء میں ۱۱۹/ ایم۔ ڈبلیو کے مقابلے میں ۶۰۴/ ایم۔ ڈبلیو تھی۔ تین مزید برقی سٹیشنوں یعنی کوئٹہ تھرمل (۱۵/ ایم۔ ڈبلیو)، سکھر تھرمل پاور سٹیشن (۲۵/ ایم۔ ڈبلیو) اور توسیع حیدر آباد تھرمل (۸/ ایم۔ ڈبلیو) کے چالو ہونے کے بعد جون ۱۹۶۵ء کے اختتام تک کل نصب شدہ استعداد ۶۵۲/ ایم۔ ڈبلیو پہنچ جائے گی۔

صارفین کی تعداد جو ۳۰ جون ۱۹۶۰ء کو ۳،۱۱،۵۸۶ تھی بڑھ کر ۳۰ جون ۱۹۶۴ء کو ۶،۰۶،۳۶۲ ہو گئی۔ اور مزید اضافہ ہونے کے بعد یہ تعداد ۳۰ جون ۱۹۶۵ء تک ۷،۲۲،۰۰۰ ہو جائے گی۔ نقشہ

ذیل میں ان صارفین کا قسم وار تجزیہ پیش کیا گیا ہے جن کو بجلی کے کنکشن پہلے ہی دیے جا چکے ہیں یا ۳۰ جون ۱۹۶۵ء تک مہیا کر دیے جائیں گے :-

	عام	صنعتی	زراعتی	دیگر	میزان
اصل بتاریخ ۱-۴-۵۹ء	۲۶۲،۳۵۶	۱۱،۲۹۳	۲،۴۲۷	۴۷۸	۲۷۷،۵۵۴
" " ۳۰-۶-۶۰ء	۲۹۴،۶۲۷	۱۲،۱۹۱	۳،۲۹۰	۴۷۸	۳۱۱،۵۸۶
" " ۳۰-۶-۶۴ء	۵۶۳،۷۲۹	۲۸،۵۸۳	۱۳،۶۱۹	۵۲۱	۶۰۶،۳۶۲
متوقع بتاریخ ۳۰-۶-۶۵ء	۶۷۲،۵۰۰	۲۳،۱۲۵	۱۵،۸۰۰	۵۷۵	۷۲۲،۰۰۰

واپڈا نے بجلی کی ترسیل وتقسیم میں جو ترقی کی ہے وہ ذیل کے نقشہ میں دکھائی گئی ہے :-

۱- ترسیلی لائنوں کی طوالت (میل)

	۲۲۰ کلوولٹ	۱۳۲ کلوولٹ	۶۶ کلوولٹ	۳۳ کلوولٹ	۱۱ کلوولٹ	میزان
اصل بتاریخ ۳۰-۶-۶۰ء	۱۳۶	۲۲۶	۱،۳۹۴	۴۰۸	۳،۶۹۷	۵،۹۶۱
" " ۳۰-۶-۶۴ء	۱۳۶	۱،۲۱۶	۲،۵۸۸	۵۴۲	۸،۴۷۰	۱۳،۰۵۲
متوقع " ۳۰-۶-۶۵ء	۱۳۶	۱،۳۶۰	۲،۸۶۴	۵۴۲	۹،۲۵۰	۱۴،۱۵۲

بجلی کے چند اہم منصوبوں کی اجمالی کیفیت ذیل میں دی گئی ہے :-

۱- دیہات میں بجلی پہنچانے کا منصوبہ

اصل منصوبے کے تحت دوسرے پنج سالہ منصوبے کی مدت کے اختتام تک ۱،۰۰۰ دیہات فی سال کے حساب سے ۵،۰۰۰ دیہات کو بجلی بہم پہنچائی جانی مقصود تھی - یہ منتہا دوسرے پلان کے دوران میں حاصل نہیں کیے جا سکے - کیونکہ غیر ملکی زرمبادلہ کی عدم دستیابی کی بنا پر یہ منصوبہ سال بہ سال معرض التوا میں پڑتا رہا - اگرچہ واپڈا نے ابھی دیہات کو بجلی مہیا کرنے کی سکیم پر عمل درآمد شروع نہیں کیا تاہم دیگر وسائل کی مدد سے جو زیادہ تر مغربی پاکستان میں بجلی کی تقسیم اور گرڈ زون میں "ثانوی ترسیل وتقسیم" کے منصوبے کے تحت شمالی گرڈ نظام سے دستیاب ہوئے تھے، ۱۲۰۰ دیہات میں بجلی پہنچائی جا چکی ہے سال ۱۹۶۴-۶۵ء کے لیے ۲۰،۰۰ لاکھ روپے کی ترمیم شدہ تعین کے مقابلے میں سال ۱۹۶۵-۶۶ء کے لیے ۱۰،۰۰ لاکھ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے -

۲۔ ثانوی ترسیل و تقسیمی نظام

یہ سکیم ۵۷ء۲۲ء۲۹ لاکھ روپے کی تخمینی لاگت ۱۹۵۹ - ۶۰ء میں شروع کی گئی تھی اور اس کا مقصد اس سکیم کا مقصد بجلی کو ابتدائی گرڈ سٹیشن سے زیادہ تر ایسے علاقوں میں تقسیمی نظام تک پہنچانا تھا۔ جو مغربی پاکستان گرڈ کے تحت آتے ہیں اور اس میں سلسلے ۲۲ کلو وولٹ سے ۱۳۲ کلو وولٹ تک کی تقریباً ۱۲۷ میل ترسیلی لائنیں ۱۱ کلو وولٹ کی ۲۴۴۴ میل اور ۴۰۰ وولٹ کی ۶۵۵ میل تقسیمی لائنیں اور ۱۰۲ چھوٹے قصبوں کو بجلی مہیا کرنے کی غرض سے ۱۳۲ کلو وولٹ کے آٹھ اور ۳۳ کلو وولٹ کے چار ذیلی سٹیشن تعمیر کرنے کی تجویز ہے۔ اس منصوبے کے تحت لاہور، لائل پور، منٹگمری، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، پشاور، نوشہرہ اور ملتان میں موجودہ تقسیمی نظام کی تجدید اور اس میں اضافے کا کام بھی ہو رہا ہے۔ سال ۱۹۶۵ - ۶۶ء کے دوران میں اس منصوبے کے مکمل ہونے کی توقع ہے۔ اس کی تکمیل کے لیے ۱۹۶۵ - ۶۶ء میں ۳۰ء۲۳ لاکھ کی گنجائش رکھی گئی ہے۔

۳۔ ملتان ۔ لائل پور لائن پر دوسرا سرکٹ۔

یہ منصوبہ موجودہ ضرورت کو پورا کرنے کی غرض سے تیار کیا گیا تھا۔ اس کے تحت موجودہ ۲۲۰ کلو وولٹ ترسیلی لائن پر دوسرے سرکٹ کو جس کا سلسلہ ملتان نیچرل گیس پاور سٹیشن سے ملا ہوا ہے، لائل پور میں ۲۲۰ کلو والٹ گرڈ سٹیشن سے مربوط کرنے کی تجویز ہے۔ اس سکیم کی تخمینی لاگت ۳ء۴۹ء۲ لاکھ روپے ہے۔ ۱۹۶۴ - ۶۵ء کے ۰۰ء۲۸ء۱ لاکھ روپے کے ترمیم شدہ تخمینہ جات کے مقابلے میں سال ۱۹۶۵ - ۶۶ء کے لیے ۰۰ء۲۸ء۱ لاکھ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔

۴۔ زیریں سندھ (حیدر آباد) تھرمل کی توسیع

اس سکیم میں تخمینہ کردہ ۰۰ء۴۰ء۳ لاکھ روپے کی لاگت سے ۱۵/ ایم۔ ڈبلیو استعداد کے بھاپ سے بجلی پیدا کرنے والے پلانٹ کی تنصیب اور کوٹری تک ۹ میل لمبی ۱۳۲ کلو والٹ کی ترسیلی لائن سے ڈبل سرکٹ ٹاور گرڈ لگا کر بجلی پہنچانے کے لیے ۸ میگا واٹ استعداد کے ایک زائد (بوزنگ سیٹ) یونٹ نصب کرنا شامل ہے۔ ۱۹۶۴ - ۶۵ء کے ترمیم شدہ ۱۶ء۰۷ء۱ لاکھ روپے کے تخمینہ جات کے مقابلے میں ۱۹۶۵ - ۶۶ء کے لیے ۶۹ء۲۶ء۱ لاکھ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔

۵۔ مغربی پاکستان میں ایڈیشنل تھرمل جنریشن (نیچرل گیس پاور سٹیشن لائل پور)

تخمینہ کردہ ۱۳۷۵ لاکھ روپے کی لاگت سے ۱۳۲ میگا واٹ استعداد کا ایک تھرمل سٹیشن قائم کیا جائے گا۔ ۱۹۶۵ - ۶۶ء کے لیے ۰۰ء۵۰ء۶ لاکھ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔

۶۔ تحقیق و امتحانی تجربہ گاہ

فی الوقت واپڈا کے ایک چھوٹی سی امتحانی تجربہ گاہ ہے لیکن بجلی کے سامان مثلاً ۱۱ کلو والٹ ٹرانسفارمروں، سوچ گیئروں، کم تناؤ والی مجوزہ تاروں اور بجلی کی موٹروں وغیرہ کی مقامی ساخت کے پیش نظر امتحان کے موجودہ انتظامات ناکافی ہو گئے ہیں اور ایک امتحانی تجربہ گاہ برائے تحقیق و امتحان کی ضرورت محسوس کی گئی ہے۔ ۱۹۶۵-۶۶ء کے دوران میں اس پروجیکٹ کے لیے ۵۰ء۲ لاکھ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔

۷۔ بالائی سندھ سکھر تھرمل کی توسیع

یہ پروجیکٹ جو ۴۶ء۸ لاکھ روپے کی تخمینہ کردہ لاگت سے تعمیر کیا جا رہا ہے اس سے زیر تعمیر تھرمل سٹیشن کی استعداد میں مزید ترسیلی و تقسیمی سہولتوں کے ساتھ ساتھ ۲۵ میگاواٹ کا اضافہ ہو جائے گا۔ ۱۹۶۵-۶۶ء کے لیے ۰۰ء۲۵۰ لاکھ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔

۸۔ شمالی زون ترسیلی لائن

سندھ طاس منصوبے کے تحت زیر تعمیر منگلا ہائیڈرو الیکٹرک سکیم کے مکمل ہونے پر تمام گرڈ زون میں استفادہ کے لیے ۳۰۰ میگا واٹ برقی قوت دستیاب ہو جائے گی۔ اس برقی قوت کو ابتدائی مرکز بار تک پہنچانے کے لیے منگلا۔ لائل پور، منگلا۔ واہ اور منگلا۔ لاہور کے درمیان ۲۲۰ کلو والٹ کی ترسیلی لائنیں لگانی پڑیں گی۔ سکیم کی تخمینہ کردہ لاگت ۰۰ء۱۶۱ لاکھ روپے ہے۔ ۱۹۶۵-۶۶ء کے دوران ابتدائی اخراجات کے لیے ۰۰ء۸۰ لاکھ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔

۹۔ ۲۰۰/ ایم۔ ڈبلیو کا جنوبی تھرمل سٹیشن

۰۰ء۲۰۷ کلوواٹ کی استعداد کا ایک تھرمل پاور سٹیشن پہلے ہی بنا دیا گیا ہے اور حیدرآباد میں زیر کار ہے۔ اس میں مزید ۰۰۰ء۲۳ کلوواٹ کا اضافہ کیا جا رہا ہے۔ ۰۰۰ء۲۵ کلوواٹ کا ایک اور تھرمل سٹیشن سکھر میں زیر تعمیر ہے جس کی تکمیل کے بعد ۰۰ء۲۵ کلوواٹ کا مزید اضافہ کر دیا جائے گا یہ دونوں سٹیشن ۱۹۶۶-۶۷ء تک مغربی پاکستان کے جنوبی علاقے کی برقی قوت کی احتیاج کو پورا کرنے کے لیے کافی ہوں گے لیکن جائزہ دار بار سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ۱۹۶۶ء کے بعد ان علاقوں کی بشمول ان علاقوں کے جن میں بحالی اراضی کے لیے ٹیوب ویل نصب کیے جائیں گے بجلی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے موروبین سکھر اور حیدرآباد کے درمیان کسی موزون جگہ پر ۲۰۰/ ایم۔ ڈبلیو کی استعداد کا ایک اور بڑا پاور سٹیشن تعمیر کرنا لازمی ہو جائے گا سکیم کی کل لاگت ۰۰ء۱۹۵۰ لاکھ روپے ہے۔ ۱۹۶۵-۶۶ء کے لیے ۰۰ء۳۰ لاکھ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔

CAPITAL EXPENDITURE (GROSS) ON ELECTRICITY: 1955-56 TO 1965-66



۱۰- جنوبی زون ترسیلی لائن

اس زون میں صرف دو تھرمل سٹیشن ایک حیدرآباد میں اور دوسرا سکھر میں زیر تعمیر ہے۔ ان کو ۶۶/۳۳/۱۱ کلو واٹ ترسیلی و تقسیمی لائنوں کے جال سے ملایا گیا ہے۔ توقع کی جاتی ہے کہ یہ نظام ۱۹۶۶-۶۷ء تک بار کو پورا کرنے کے لیے کافی ہے۔ جنوبی ریجن میں مزید بار کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے حیدرآباد اور سکھر کے درمیان ایک مرکزی سٹیشن قائم کرنے کی تجویز کی گئی ہے۔ اس پروجیکٹ کا مقصد ۲۰۰/ایم۔ڈبلیو کے مجوزہ مرکزی سٹیشن کو حیدرآباد سٹیشن (۴۳ر۰۰۰ کلو واٹ) اور سکھر (۵۰ر۰۰۰ کلوواٹ) سے ملانا اور ملحقہ علاقوں تک گرڈ کی توسیع کرنا ہے۔ پروجیکٹ کی تخمینہ کردہ لاگت ۳۰۱ر۰۰ لاکھ روپے ہے۔ اور ۱۹۶۵-۶۶ء کے لیے ۵۰ر۰۰ لاکھ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔

۱۱- نظام اضافے تجدیدات اور بدل کاری

سکیم کا اصل مقصد مغربی پاکستان گرڈ میں مختلف مراکز بار سے دستیاب ہونے والی برقی قوت کو تمام صوبے کے صارفین میں تقسیم کرنا ہے۔ ان تقسیمی تعمیرات کے لیے رقمی گنجائش کے بغیر اصل پروجیکٹ بے سود ہو جائے گا۔ لہٰذا محاصل میں اضافہ کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ تقسیمی سہولتیں کثرت سے مہیا کی جائیں۔ پروجیکٹ کی تخمینہ کردہ لاگت ۴۷۵ر۰۰ لاکھ روپے ہے اور ۱۹۶۵-۶۶ء کے لیے ۹۰ر۰۰ لاکھ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔

۱۲- بجلی پیدا کرنے والے سفری آلات

پروجیکٹ کی تخمینہ کردہ لاگت ۲۰۶ر۰۰ لاکھ روپے ہے اور ۱۹۶۵-۶۶ء کے لیے ۱۸۰ر۰۰ لاکھ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔

۱۳- وارسک بار تنظیمی سہولتیں

سکیم کی کل لاگت ۸۲۷ر۰۰ لاکھ روپے ہے۔ ۱۹۶۵-۶۶ء کے دوران میں ابتدائی کاموں کے لیے ۱۰ر۰۰ لاکھ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔

پہلے پنج سالہ منصوبے (۱۹۵۵-۶۰ء) کے دوران میں پاور پراجیکٹوں میں مجموعی سرمایہ کاری ۴۱ر۴۳ کروڑ روپے تھی۔ اور اس کے مقابلے میں (۱۹۶۰-۶۵ء) کے دوسرے پنجسالہ منصوبے کے دوران میں مجموعی سرمایہ کاری ۱۲۶ر۱۲ کروڑ روپے کے لگ بھگ ہوگئی۔ ۱۹۶۴-۶۵ء کے ۲۵ر۱۷ کروڑ روپے کے ترمیم کردہ تخمینہ جات کے مقابلے میں تیسرے منصوبے کے پہلے سال کے دوران میں ۲۶ر۸۰ کروڑ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔

متعلقہ گراف میں ۱۹۵۵-۵۶ء سے ۱۹۶۵-۶۶ء تک برقی قوت پر عائد شدہ سالانہ مجموعی اخراجات دکھائے گئے ہیں۔

باب ۷

زراعتی سیکٹر

باب ۷

زراعتی سیکٹر

زراعتی سیکٹر خاص زراعت، پرورش حیوانات، تعمیر نو آبادیات، امداد باہمی ماہی گیری، غذائی تذخیر اور جنگلات کے زمروں میں سرگرمیوں پر مشتمل ہے۔ ۱۹۶۵-۱۹۶۶ء کے دوران میں زراعتی سیکٹر کے لیے ۵۷ء۷۴ کروڑ روپے کی جملہ گنجائش مہیا کی گئی ہے۔ اس کے برعکس سالِ رواں کے ترمیم شدہ تخمینہ جات ۰۰ء۴۰ کروڑ روپے کے ہیں۔ (مذکورہ بالا اعداد میں ترقیاتی اور غیر ترقیاتی خرچ شامل ہے) تاہم ۱۹۶۵-۱۹۶۶ء کے دوران میں خالص خرچ ۱۲ء۴۲ کروڑ روپے تک محدود رہے گا۔ ذیل کے نقشے میں مختلف ذیلی سیکٹروں کے درمیان ترقیاتی اور غیر ترقیاتی اخراجات کے حساب میں ۱۹۶۴-۱۹۶۵ء کے ترمیم شدہ تخمینہ جات اور ۱۹۶۵-۱۹۶۶ء کے تخمینہ جات میزانیہ کا تجزیہ پیش کیا گیا ہے:-

زراعتی سیکٹر

ترقیاتی

(روپے کروڑوں میں)

ذیلی سیکٹر	ترمیم شدہ تخمینے ۱۹۶۴-۱۹۶۵ء	تخمینہ جات میزانیہ ۱۹۶۵-۱۹۶۶ء
زراعت	۱۹ء۹۶	۲۷ء۴۳
پرورش حیوانات	۲ء۰۱	۱ء۹۳
تعمیر نو آبادیات	۵ء۵۴	۳ء۴۷
امداد باہمی	۰ء۶۲	۰ء۷۹
ماہی گیری	۰ء۲۷	۰ء۲۸
غذائی تذخیر	۰ء۷۱	۰ء۵۰

[illegible]

[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]

[illegible]

[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]

(الف) زرعی تحقیق

دوسرے منصوبے میں اس ذیلی سیکٹر کی مختلف سکیموں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ۲ء۱۳ کروڑ روپے کی رقم مہیا کی گئی ہے۔ منصوبے کے تحت اس گنجائش کے بالمقابل جون ۱۹۶۴ء تک ۱ء۲۶ کروڑ روپے کا خرچ برداشت کیا گیا اور ۱۹۶۴ - ۱۹۶۵ء کے ترمیم شدہ تخمینہ جات ۰ء۸۵ کروڑ روپے کے ہیں۔ ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء کے میزانیہ میں زرعی تحقیق کے لیے ۰ء۸۲ کروڑ روپے کی رقم مہیا کی گئی ہے۔ بہت سی تحقیقی سکیمیں جن کا مقصد یہ ہے کہ جدید قسم کی فصلیں پیدا کی جائیں اور زرعی معمولات اور طریقوں کی اصلاح کی جائے نیز کیڑوں کے ذریعہ پھیلنے والی وباؤں اور امراض کا انسداد کیا جائے اور مختلف فصلوں پر کیمیاوی کھادوں کے اثرات کا تعین کیا جائے۔ ترناب، لائل پور اور ٹنڈو جام کے تینوں زرعی تحقیق کے اداروں میں جاری ہیں۔

(ب) کیمیاوی کھادوں کے استعمال میں اضافہ

کیمیاوی کھادیں زرعی ترقیاتی کارپوریشن اور صنعتی ترقیاتی کارپوریشن مغربی پاکستان کے مقرر شدہ ذخیرہ کاروں کی وساطت سے کاشتکاروں کے ہاتھ فروخت کے لیے تقسیم کی جاتی ہیں۔ زرعی ترقیاتی کارپوریشن نے کیمیاوی کھادوں کے استعمال کو فروغ دینے کے لیے تیز رفتار سے کام کیا ہے۔ ۱۹۶۲ - ۶۳ء میں ۱۹۷ ہزار ٹن کھاد فروخت ہوئی تھی۔ اس کے برعکس ۱۹۶۳ - ۱۹۶۴ء میں ۳۱۷ ہزار ٹن کھاد فروخت ہوئی۔ ۱۹۶۴ - ۱۹۶۵ء کے اندازے کے مطابق یہ مقدار تقریباً ۴۵۰ ہزار ٹن رہی۔ تیسرے پنجسالہ منصوبے کے دوران میں کیمیاوی کھاد کا صرف دس لاکھ ٹن سے بھی بڑھ جانے کی توقع ہے۔

۱۹۶۴ - ۱۹۶۵ء کے دوران میں مغربی پاکستان کی صنعتی ترقیاتی کارپوریشن اور زرعی ترقیاتی کارپوریشن کو کیمیاوی کھادوں کے لیے جو امدادی رقم ادا کی گئی وہ ذیل میں درج ہے:-

	زرعی ترقیاتی کارپوریشن	صنعتی ترقیاتی کارپوریشن مغربی پاکستان
	(روپوں میں)	
جون ۱۹۶۴ تا مئی ۱۹۶۵ء	۲،۱۲،۸۶،۴۱۳٫۵۹	۳،۸۲،۵۱،۲۲۱٫۵۰

(ج) کافی مقدار میں خالص قسم کے بیجوں کی بہم رسانی

اصلاح یافتہ بیجوں کی بہم رسانی بھی مغربی پاکستان کی زرعی ترقیاتی کارپوریشن کے ذریعہ عمل میں آتی ہے۔

مذکورہ کارپوریشن نے کاشتکاروں کو بہتر قسم کے بیجوں کی بہم رسانی کے مقررہ نصب العین کے حصول کے لیے کافی کام کیا ہے۔ دوسرے منصوبے میں اس پروگرام کے لیے ۰۰ء۱ کروڑ روپے کی رقم مہیا کی گئی ہے۔ سالِ رواں کے دوران میں ۱۵ء۰ کروڑ روپے اس ذیلی سیکٹر کے لیے مہیا کیے گئے تھے اور ۱۹۶۵-۱۹۶۶ء کے میزانیے میں ۲۹ء۰ کروڑ روپے کی رقم مہیا کی گئی ہے۔

(د) درختوں کی تحفظاتی تدابیر کے ذریعے کیڑوں سے پھیلنے والی وباؤں اور امراض کا انسداد

سالِ رواں کے دوران میں پودوں کی مختلف تحفظاتی سکیموں کے تحت آنے والا رقبہ بڑھ کر ساٹھ لاکھ ایکڑ ہو جائے گا جو دوسرے پنجسالہ منصوبے میں مقرر کردہ حد ہے۔ سالِ رواں کے دوران میں اس سرگرمی پر خرچ کے ترمیم شدہ تخمینہ جات کی رقم ۴۰ء۲ کروڑ روپے بنتی ہے۔ ۱۹۶۵-۱۹۶۶ء کے میزانیے میں جو رقم مہیا کی گئی ہے وہ ۶۹ء۲ کروڑ روپے ہے۔

(ل) زراعت میں مشینوں کا استعمال

دوسرے منصوبے میں اس ذیلی سیکٹر کی محکمانہ سکیموں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ۸۷ء۲ کروڑ روپے کی رقم مہیا کی گئی تھی۔ سالِ رواں کے ترمیم شدہ تخمینے ۸۶ء۲ کروڑ روپے کے ہیں جبکہ سال ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء کی جملہ گنجائش ۸۲ء۶ کروڑ روپے ہے۔ اندازہ ہے کہ جون ۱۹۶۵ء تک کل استفادہ ۹۸ء۵ کروڑ یعنی منصوبے کی تخصیص کا ۲۱۵ فی صد ہوگا۔

ایگریکلچر مشینری ارگنائزیشن کی خاص سرگرمیاں بل ڈوزروں کے ذریعے زمین ہموار کرانے، ٹریکٹروں کے ذریعے زمین میں قلبہ رانی کرنے اور ٹیوب ویلوں کی کھدائی اور ان کی تنصیب پر مشتمل ہیں۔ اس وقت صوبے میں سات بنیادی ورکشاپیں اور چھ ذیلی ورکشاپیں ہیں۔ یہ ورکشاپیں ٹریکٹروں، بلڈوزروں اور گاڑیوں کی چھوٹی بڑی مرمت کے کام سرانجام دیتی ہیں۔ مختلف ریجنوں میں کام کی رفتار حسب ذیل رہی ہے:۔

مدکار	اکائی	ترقی تا ۳۱ جنوری ۱۹۶۵ء		
		شمالی ریجن	مرکزی ریجن	جنوبی ریجن
۱۔ ہموار کردہ رقبہ	ایکڑ	۷،۱۷	۲۳،۸۱۲	۲۲،۸۳۶
۲۔ زیر کاشت رقبہ	"	۸،۲۳۴	۱۶،۲۳۴	۳۹۴
۳۔ ٹیوب ویلوں کی کھدائی	تعداد	—	۶۱۷	۳۹

۴ - ٹیوب ویلوں کی تنصیب	تعداد	۹۴	۴۱	۳۸
۵ - کھلے کنوؤں کی کھدائی	"	۱۴	-	-

آبی وسائل کی ترقی کا اہم پہلو یہ ہے کہ ٹیوب ویلوں میں نجی سرمایہ کاری میں سرعت رفتار سے اضافہ واقع ہوا ہے - ایک حالیہ جائزے سے ظاہر ہوا ہے کہ صوبے میں ۲۵,۰۰۰ ٹیوب ویل ہیں - اندازہ ہے کہ نجی ٹیوب ویلوں کی ترقی کی بنا پر تقریباً ۳ لاکھ ایکڑ غیر کاشت شدہ اراضی زیر کاشت آچکی ہے -

ٹریکٹر آپریٹروں کے تین سکول لائل پور، ٹنڈو جام اور ڈیرہ اسمٰعیل خاں میں کام کر رہے ہیں - ان میں سے ہر سکول میں ہر سال ۱۰۰ ٹریکٹر آپریٹروں کو تربیت دی جاتی ہے -

زراعت کی توسیع

فیلڈ سٹاف کو تقویت و استحکام بہم پہنچانے کے لیے ڈویژنوں اور ریجنوں کی سطح پر باری باری تجدیدی نصابوں کا انتظام کیا جاتا ہے تاکہ کارکنوں کے علم میں اضافہ ہوتا رہے - محکمے کا ارادہ ہے - کہ ہر یونین کونسل میں ایک زرعی ترقیاتی یونٹ قائم کرے جو جملہ فیلڈ اسسٹنٹوں کے لیے دفتری و رہائشی گنجائش مہیا کرنے کے علاوہ زرعی ترقیاتی کی حد تک یونین کونسلوں کے لیے مرکز کا کام انجام دے گا -

"زراعت نامہ" کے نام سے ایک پندرہ روزہ اردو اخبار اور "جرنل آف اگریکلچرل ریسرچ" کے نام سے ایک انگریزی سہ ماہی رسالے کے علاوہ زرعی معلومات کا دفتر زراعت اور دوسرے متعلقہ موضوعات پر متعدد دیگر تالیفات شائع کرتا ہے -

۱ - پرورشِ حیوانات

سال رواں ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء کے لیے پرورش حیوانات کے سیکٹر کی ترقیاتی اور غیر ترقیاتی سرگرمیوں کے لیے سال ۱۹۶۴ - ۱۹۶۵ء کی تعین ۳,۴۷,۹۳,۸۰۰ روپے (۲,۳۹,۱۱,۰۰۰ روپے ترقیاتی اور ۱,۰۸,۸۲,۸۰۰ روپے غیر ترقیاتی) کے مقابلے میں ۳,۵۱,۹۹,۱۰۰ روپے (۱,۹۲,۷۳,۰۰۰ روپے برائے ترقیاتی اور ۱,۵۹,۲۶,۱۰۰ روپے برائے غیر ترقیاتی) کی جملہ گنجائش تجویز کی گئی ہے - اہم سرگرمیوں کی مختصر تفصیل ذیل میں دی گئی ہے:-

۲۔ منصوبہ بہم رسانی شیر

کراچی میں دودھ کی سپلائی کرنے والے پلانٹ نے کام شروع کر دیا ہے اور لاہور میں دودھ کی بہم رسانی کا منصوبہ مکمل ہونے کے قریب ہے۔ یونیورسٹی ایکس چینج پروگرام کے تحت موصول شدہ شیر کاری کے پلانٹ نے لاہور میں کام شروع کر دیا ہے اور لوگوں کو اسٹرلائز شدہ دودھ، مکھن اور پنیر مہیا کیا جا رہا ہے۔

۳۔ یونین کونسلوں میں سٹاک اسسٹنٹوں کا تقرر

مویشی پالنے والوں کو بیطاری کی فوری امدادی سہولتیں مہیا کرنے کی غرض سے یونین کونسلوں میں سٹاک اسسٹنٹوں کو ملازم رکھے جانے والے ایک منصوبے پر عملدرآمد ہو رہا ہے۔ مغربی پاکستان میں جملہ ۷،۴۷۰ موجودہ یونین کونسلوں میں سے تقریباً ۱،۵۰۰ یونین کونسلوں کو سٹاک اسسٹنٹ مہیا کیے جا چکے ہیں۔ اور باقی ماندہ یونین کونسلوں کو بھی مناسب وقت پر سٹاک اسسٹنٹ مہیا کر دیے جائیں گے۔ یہ سٹاک اسسٹنٹ حسب ذیل فرائض انجام دیں گے :۔

۱۔ متعلقہ یونین کونسلوں میں مویشیوں کے تازہ ترین اعداد و شمار رکھنا۔

۲۔ متعلقہ یونین کونسلوں میں مویشیوں کو متعدی اور چھوت کی بیماریوں سے محفوظ رکھنا اور

۳۔ مویشی پالنے والے افراد کو موقع پر ابتدائی طبی امداد مہیا کرنے اور ان کو امور مویشی حیوانات کے متعلق مشورہ دینے کی غرض سے متعلقہ یونین کونسلوں میں مسلسل دورہ کرنا۔

۴۔ ان یونین کونسلوں کو جس میں سٹاک اسسٹنٹ ملازم رکھے جا چکے ہیں۔ سال آئندہ کے لیے سیرا، ویکسین اور ادویات مہیا کرنے کی غرض سے ۸،۲۵ لاکھ روپے کی گنجائش تجویز کی گئی ہے۔

جنگلات

غیر ترقیاتی سرگرمیاں۔ اس سلسلے میں کام کی بڑی مد محکمانہ طور پر درختوں کی کٹائی ہے۔ ۳،۶۹،۴۶،۶۰۰ روپے کے متوقع محاصل کے مقابلے میں سال ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء کے دوران میں اخراجات کے لیے ۲،۹۱،۳۵،۶۰۰ روپے کی رقم کی تجویز کی گئی ہے اور اس طرح ۷۸،۱۱،۰۰۰ روپے کی فاضل رقم حاصل ہوتی ہے۔

۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء کے دوران میں تقریباً ۱۷ لاکھ کیوبک فٹ عمارتی لکڑی، ۷۰ لاکھ معدنی

پشتینا نوں کی لکڑی، ۵۴۸ لاکھ من سوختنی لکڑی، ۰۰۰،۰۷،ا من رال، ۰۰۰،۲۴ من ایفیڈرا اور ۰۰۰،۳۶۲ من مازری حاصل ہوگی۔ مالکان کے توسط سے نجی اراضی میں جنگل کاری پر خصوصی توجہ دی جائے گی اور "زیادہ درخت لگاؤ" کی مہم کے نتیجے میں تقریباً ۰۰ ۵ لاکھ پودے لگائے جانے کی توقع ہے۔

ترقیاتی سرگرمیاں۔ اس پروگرام میں جنگل کاری، سڑکوں کی تعمیر، حلقوں کی اصلاح، پودگاہوں کا قیام، پانی کے تالابوں کی نگہداشت، تربیت، تحقیق، انتظامی منصوبوں اور سیاحوں کے لیے تفریحی سہولتوں کا بہم پہنچانا شامل ہے۔

سال ۱۹۶۴ - ۱۹۶۵ء کے دوران میں اصل مقاصد مختلف ریجنوں میں ۸۰۰،۸ ایکڑ اراضی پر آب رس نخل کاری، ۲۵۰،۲۴ ایکڑ پر خشک جنگل کاری اور بازافزائش، ۸۲۰ میل لمبی سڑک پر پٹڑیاں، ۱۷۰،۲ میل لمبی نہر کے ساتھ ساتھ پٹڑیاں اور ۱۲۵ میل لمبی ریلوے لائن کے ساتھ ساتھ پٹڑیاں تعمیر کرنا تھا۔ جنگل کاری کے بہت سے منصوبوں اور درخت لگانے کی مہم میں پودے تقسیم کرنے کی غرض سے پودوں کے موجودہ ذخیروں میں ۰۰۰ا ایکڑ پر نئی پودگاہوں کا اضافہ کیا گیا۔ سال ۱۹۶۴-۱۹۶۵ء کے اختتام تک ان مقاصد کے مکمل ہوجانے کی توقع ہے۔

ریگستان، مسلخ، کوہستان، تھل، ڈیرہ غازی خاں اور چولستان میں علاقائی اراضی کی اصلاح کا کام بدستور جاری ہے۔ مسلخ پراجیکٹ کو تحقیقی و تجرباتی سرگرمیوں سے بڑھا کر ایک خودکفیل تجارتی ادارے کی حیثیت دے دی گئی ہے۔

راولپنڈی ڈویژن میں پانی کے واٹرشیڈ کا ایک مثالی منصوبہ جو بھورباں میں سطح بندی، جنگل کاری، پھلدار پودوں کی کاشت اور کٹاؤ کے انسداد کے لیے سرگرمیاں فراہم کرتا ہے، کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔ مزید برآں اس ڈویژن میں دریائے جہلم اور سندھ کے آبگیر رقبوں میں بھی نمایاں کام کیا گیا ہے۔

کاغان اور چھانگا مانگا میں دو قومی پارکوں کا قیام اور ان کی توسیع عمل میں آئی تھی۔ جنگلات میں جنگلی پرندوں کے تحفظ کے لیے چھانگا مانگا میں پرندوں کا ایک فارم قائم کیا گیا تھا۔

سال ۱۹۶۵ - ۱۹۶۶ء کے دوران میں زیر تکمیل پروگرام کے لیے ۲۳۹،۵،۱ لاکھ روپے کی تخصیص کے علاوہ ترقیاتی پروگرام میں نئی سکیموں کے لیے ۷۷،۵۸ لاکھ روپے کی ایک خطیر رقمی گنجائش رکھی گئی ہے۔ ان میں وادی کاغان میں واٹرشیڈ کا انتظام، کوئٹہ قلات ریجن کے علاقائی انتظام کا

پاک ۔ آسٹریلین مشترکہ جائزہ گھوڑا گلی کے نواح میں بھوربان کے طرز پر اراضی کی بحالی اور شمارعاتی نخل کاری کو ترقی دینے کے منصوبے شامل ہیں ۔

زرعی ترقیاتی کارپوریشن مغربی پاکستان

زرعی ترقیاتی کارپوریشن مغربی پاکستان کے پاس ضروری زرعی اشیا کے حصول و تقسیم سے متعلق صوبہ وار پروگرام ۲۴ لاکھ ایکڑ پر مشتمل وادی سون کی اراضی کے اصلاحی پروجیکٹ اور شمالی بارانی علاقوں کے لیے چھوٹے بندوں کی سکیموں کے علاوہ آبپاشی / نوآبادیات کے بڑے منصوبے زیر تکمیل ہیں ۔ حکومت ۸۸ ترقیاتی سکیموں کی منظوری دے چکی ہے جن پر ۴۵ کروڑ روپے خرچ ہونے کا اندازہ ہے ۔ انہیں زرعی ترقیاتی کارپوریشن عملی جامہ پہنا رہی ہے ۔

کارپوریشن نے مختلف دائروں میں اپنے مقاصد کے حصول کی غرض سے تین بڑے شعبے قائم کیے ہیں جن کے نام (۱) فیلڈ ونگ (۲) سپلائی ونگ (۳) سمال ڈیمز آرگنائزیشن ہیں ۔ فیلڈ ونگ صرف پروجیکٹ کے علاقوں میں کام کرتا ہے ۔ اب تک زرعی ترقیاتی کارپوریشن مغربی پاکستان کے چار پروجیکٹ علاقے یعنی (۱) غلام محمد بیراج (۲) گدو بیراج (۳) تھل اور (۴) اصلاح اراضی پروجیکٹ (وادی سون) ہیں ۔ ان علاقوں کا مجموعی رقبہ بیس لاکھ ایکڑ سے زائد ہے ۔

غلام محمد بیراج اور گدو بیراج پروجیکٹ

ان پروجیکٹوں کا مقصد یہ ہے کہ ۵۵ لاکھ ایکڑ میں وسیع پیمانے پر نوآبادیاں قائم کی جائیں ۔ لہذا اس علاقے کے لیے آبریزوں کے ذریعہ آبپاشی کی سہولتیں مہیا کی جا چکی ہیں ۔

اس ریجن کے لیے زرعی ترقیاتی کارپوریشن کے ترقیاتی کام آبپاشی کی سہولتوں، سائنسی طریقوں سے فصل خیزی کی ترویج، زراعت کے " پہلے پانچ اصول (یعنی اچھے بیج، کیمیاوی کھاد، پودوں کا تحفظ، بہتر کاشتکاری اور بروقت قرضے کی سہولتیں) کے صحیح اطلاق اور کاشتکاروں کی تربیت بازارکاری کی سہولتوں، پرورش حیوانات، جنگلات، امداد باہمی کے اداروں، پودوں کے تحفظ، مشینی کاشت، شمارعات، مواصلات، ماہی گیری اور متعلقہ محکموں سے مناسب اور کامل استفادے کا یقین دلاتے ہیں ۔

اصلاح اراضی پروجیکٹ

اصلاح اراضی کے ضمن میں زرعی ترقیاتی کارپوریشن کے منصوبوں کی بدولت تین لاکھ ایکڑ زمین زیر کاشت آجائے گی ۔ مٹی اٹھانے والی روسی مشینیں آنی شروع ہو گئی ہیں جس کی قیمت دس ملین ڈالر ہے ۔ یہ

AGRICULTURE



مشینیں وادی سون کے پروجیکٹ کے علاقوں اور بیراجی پروجیکٹوں میں اصلاح اراضی کے اس قسم کے کاموں کی رفتار تیز کرنے کے لیے مدد دیں گی ۔

سمال ڈیمز آرگنائزیشن

موجودہ مرحلے پر چھوٹے بندوں کے تعمیری کام میں راولپنڈی، ہزارہ، میانوالی اور کیمبلپور کے اضلاع شامل ہیں ۔ اب تک چار بند مکمل ہو چکے ہیں جو ۹۰ر ۱۱ لاکھ روپے کی کل لاگت سے تقریباً ۵۶۵ر۲ ایکڑ اراضی کی آبپاشی کی استعداد رکھتے ہیں ۔

کیمیاوی کھادوں اور بیجوں کی بہم رسانی

جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے زرعی ترقیاتی کارپوریشن مغربی پاکستان کے دو شعبے کاشتکاروں کے لیے اصلاح یافتہ بیجوں کی بہم رسانی اور کیمیاوی کھادوں کی تقسیم کا کام انجام دیتے ہیں ۔ ۱۹۶۵-۶۶ء کے دوران میں کیمیاوی کھادوں کی تقسیم کی انتہائی حد چھ لاکھ ٹن تک رکھی گئی ہے ۔

باب ۸

تعمیراتی منصوبہ بندی و تعمیر مکانات

باب ۸

تیز رفتار معاشی ترقی کے نتیجے میں شہری آبادی کے روز افزوں اضافہ سے شہری رقبوں میں مکانات کی قلت شدید صورت اختیار کر گئی ہے۔ یہ مسئلہ حکومت کے موجودہ محدود وسائل کے پیش نظر جلد حل نہیں کیا جا سکتا۔ چنانچہ حکومت کی پالیسی یہ رہی ہے کہ شہری رقبوں میں تعمیر مکانات کی مناسب سہولتیں مہیا کرنے کے لئے مقامی مجالس کا اشتراک حاصل کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ کم آمدنی والے طبقوں کو تعمیر مکانات کی سہولتیں مہیا کرنے پر زور دیا جا رہا ہے۔

تعمیراتی منصوبہ بندی اور تعمیر مکانات کے سیکٹر کے تحت مجموعی سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے ۱۹۶۵-۱۹۶۶ میں منصوبہ بندی کے مختلف شعبوں کے لئے رقوم کی جو تعیین کی گئی ہے وہ ذیل کے نقشے میں ظاہر کی گئی ہے:-

(گنجائش رقوم برائے ۱۹۶۵ - ۶۶)

(روپے لاکھوں میں)

بنیادی ترقیات	۲۲٫۴۰
عام تعمیر مکانات	۳,۹۸٫۷۶
دیہی آب رسانی اور بدررروی کے منصوبے	۲,۳۴٫۵۴
شہری آب رسانی اور بدررروی کے منصوبے	۲,۷۴٫۶۵
بلدیات کو امداد	۲,۷۰٫۰۰
سرکاری ملازمین کے لئے تعمیر مکانات	۲,۰۱٫۲۳
سرکاری دفاتر و عمارات	۲,۲۲٫۸۷
مجموعی گنجائش	۱۶,۲۴٫۴۵
خالص تعیین	۱۲,۷۵٫۹۱

ذیل میں محولہ بالا مختلف ذیلی سیکٹروں کے تحت منصوبوں کا جائزہ لیا گیا ہے :-

بنیادی ترقیات ———— یہ ذیلی سیکٹر محکمہ شہری منصوبہ بندی کی سرگرمیوں پر مشتمل ہے۔ یہ سرگرمیاں نہ صرف مغربی پاکستان میں مختلف شہروں کے لئے ماسٹر پلان سکیموں اور ترقیاتی منصوبوں کے خاکے مرتب کرنے پر حاوی ہیں بلکہ ان میں آبادکاری کے مختلف منصوبوں کے تحت نئی آبادیوں کے لئے منصوبے تیار کرنا بھی شامل ہے۔

سال ۱۹۶۵-۱۹۶۶ء کے دوران میں چھ زیر تکمیل منصوبوں پر جن کے لئے ۱۷٫۵ لاکھ روپے کی مجموعی گنجائش رکھی گئی ہے کام شروع ہو جائے گا۔ لاہور، لائلپور، پشاور، حیدرآباد اور ملتان کی ماسٹر پلان سکیموں پر عمل درآمد شروع ہو جائے گا۔ علاوہ ازیں دو نئے منصوبوں یعنی راولپنڈی کے لئے ایک ماسٹر پلان اور لاہور ریجن کے چھ شہروں کے لئے ترقیاتی منصوبوں کے خاکے مرتب کرنے کی غرض سے ۳٫۸۷ لاکھ روپے کی مجموعی رقم مہیا کی گئی ہے۔

عام تعمیر مکانات (شہری ترقیات) مغربی پاکستان ہاؤسنگ اینڈ سیٹلمنٹ ایجنسی وسیع تر کراچی کی آبادکاری کے پروگرام اور مغربی پاکستان کے مختلف شہروں کے لئے مکانات کے دیگر منصوبوں کی ذمہ دار ہے۔

سال آئندہ کے میزانیے میں اس ذیلی سیکٹر کے لئے ۳,۹۸٫۷۶ لاکھ روپے کی مجموعی تعیین شامل کی گئی ہے۔ ۳,۹۸٫۷۶ لاکھ روپے کی مجموعی تعیین میں سے ۳,۹۲٫۷۶ لاکھ روپے کی ایک رقم ۲۵ زیر تکمیل منصوبوں کے لیے مختص کی گئی ہے۔ چند اہم زیر تکمیل منصوبے یہ ہیں :-

	(روپے لاکھوں میں)
۱- لاہور ٹاؤن شپ سکیم	۱,۹۰٫۰۰
۲- سی ٹائپ کالونی نمبر ا لائل پور	۵٫۰۰
۳- شاہ لطیف آباد سٹلائیٹ ٹاؤن	۷٫۹۷
۴- وسیع تر کراچی کی آبادکاری کا منصوبہ	۱,۵۶٫۰۰

۱۹۶۵-۱۹۶۶ء کے دوران میں پشاور کے لئے تعمیر مکانات کے ایک نئے منصوبے پر عمل درآمد شروع کر دیا جائے گا۔ اس مقصد کے لئے ۶ لاکھ روپے کی ایک مجموعی گنجائش میزانیے میں شامل کی گئی ہے۔

تعمیر مکانات کے مختلف منصوبوں کی تکمیل کے نتیجے میں آباد شدہ کنبوں کی تعداد حسب ذیل ہے :-

سال	مغربی پاکستان کے دوسرے علاقے	صرف کراچی
۱۹۶۲-۱۹۶۳	۶۴,۰۰۰ کنبے آباد کئے گئے	۸,۰۵۰ کنبے

سال	مغربی پاکستان کے دوسرے علاقے	صرف کراچی
۱۹۶۳-۱۹۶۴	۵٫۴۳۰ کنبے آباد کیے گئے	۱۶٫۳۱۴ کنبے
۱۹۶۴-۱۹۶۵	۱۱٫۵۶۰ کنبے آباد کیے گئے	۶٫۰۰۰ کنبے
۱۹۶۵-۱۹۶۶	۵٫۴۵۰ کنبے آباد کیے جانے کی توقع ہے۔	۳٫۳۶۷ کنبے آباد کیے جانیکی توقع ہے

دیہی آب رسانی اور بدر روی کے منصوبے۔دیہی علاقوں میں مناسب آب رسانی اور گنداب ریزی کی اصلاح کی اہمیت کو اس وقت تسلیم کر لیا گیا تھا۔جبکہ دوسرے پنجسالہ منصوبے میں اس غرض کے لئے ۵٫۰۰ کروڑ روپے کی گنجائش رکھی گئی تھی۔ بعد ازاں جب دیہی تعمیراتی پروگرام کا آغاز ہوا تو رقوم کا ایک معقول حصہ آب رسانی کی اصلاح کے لئے مختص کر دیا گیا تھا۔

آئندہ مالی سال کے دوران میں آب رسانی اور بدررروی کے ۱۹۳ زیر تکمیل اور ۵۶ نئے منصوبوں کو بروئے کار لانے کی توقع ہے۔جن کے لئے ۵۴٫۳۴٫۲ لاکھ روپے کی مجموعی گنجائش رکھی گئی ہے۔تا حال محکمہ انجینئری صحت عامہ کی طرف سے دیہی آب رسانی کے ۱۷ منصوبوں پر کام مکمل ہو چکا ہے۔آب رسانی و بدررروی کے زیر تکمیل اور نئے اہم منصوبوں میں سے چند منصوبے حسب ذیل ہیں۔

زیر تکمیل منصوبے

	(روپے لاکھوں میں)
۱۔منصوبہ آب رسانی بمقام منار ضلع جہلم	۴٫۰۰
